شرح تحریر فرما کر نہ صرف اس ضرورت کو پورا کیا بلکہ احناف پر احسان عظیم فرمایا، مذہب حنفی کی تقویت وتائیداور ترجیح کے لیے اس کا مطالعہ ان شاء اللہ کافی وافی اور شافی ہوگا۔کاغذ، کمپوزنگ اور طباعت عمدہ ہے۔

......☆☆☆......

سوانح حیات مولانا غلام غوث ہزارویؒ۔ تالیف: مولانا سید منظور احمد شاہ آسی، صفحات: ۵۱۲، قیمت: ۲۰۰ روپے، ناشر: مکتبہ انوار مدینہ جامع صدیق اکبرؓ محلہ صدیق آباد (اپرچنئی) مانسہرہ۔

ضیغم احرار حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کی سیاسی وملی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔آپؒ نے قیام پاکستان کے بعد جمعیۃ علماء اسلام کے اسٹیج سے نفاذِ اسلام کے لیے مجاہدانہ وقائدانہ کردار ادا کیا، تمام دینی، ملی اور سیاسی تحاریک کے روح رواں رہے۔فرقِ باطلہ کے تعاقب اور قادیانیت و رِفض کی سرکوبی کے لیے پوری توانائیاں صرف کیں۔فقر وایثار، صبر واستقامت اور اخلاص وللہیت کی ایک تاریخ رقم فرمائی۔مولانا ہزارویؒ کے انداز سیاست سے اختلاف کی گنجائش ہے مگر اُن کا خلوص وایثار، زہد وتقویٰ، تواضع وعبدیت، بے نفسی وفنائیت، عشق رسولؐ اور اہتمام سنت شک وشبہ سے بالاتر ہے۔اُن کے سخت ترین سیاسی مخالفین بھی اُن پر بدعنوانی، خیانت یا مالی مفادات اُٹھانے کا کوئی الزام ثابت نہیں کر سکے۔متذکرہ بالا کتاب میں مولانا ہزارویؒ کی کتاب زندگی کے بہت سے ابواب پر روشنی پڑتی ہے۔کاغذ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......

منظرِ عالم۔تالیف: مولانا حافظ محمد صدیق ارکانی، صفحات: ۴۸۰، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ احتشامیہ جیکب لائن، کراچی۔

مولانا حافظ محمد صدیق صاحب ارکانی جامعہ احتشامیہ کراچی کے استاذ اور جامعہ کے ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' کے مدیر منتظم ہیں۔''حق نوائے احتشام'' میں مولانا کے علمی وتحقیقی مضامین ومقالات تسلسل سے شائع ہوتے ہیں، جن میں فکر ونظر کے بہت سے گوشوں کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔مولانا کو تاریخ وسوانح سے خاص مناسبت ہے اس لیے ان کے مقالات میں مؤرخانہ رنگ نمایاں ہوتا ہے اس سے قبل آپ کے ۱۸ مقالات پر مشتمل ایک مجموعہ ''جریدہ عالم'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔''منظرِ عالم'' میں ۲۲ مقالات ہیں جن میں تاریخ پاکستان پر ایک نظر، امریکہ تاریخ کے آئینے میں، تاریخ افغانستان اور تحریک طالبان اور تبدیلیٔ افغان پالیسی کے نتائج سمیت دیگر تمام مقالات اہل فکر ونظر کے لیے قابل مطالعہ ہیں۔کاغذ، کمپوزنگ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......